بسم الله الرحمٰن الرحيم

رَبِّ اشْرَح لي صَدْري

ويَسِّر لي أمْري

واحْلل عقْدة من لسَاني

يفقَهوا قَوْلي

# پیغام

- عزیز طلباء ! ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ دوسروں سے بہتر اور منفرد کام سامنے لایا جائے ۔ لیکن ہمیں اس بات کا بھی ادراک ہے کہ بتقاضائے بشریت غلطی کا امکان ہمیشہ موجود رہتا ہے ۔ لہٰذا ہم آپ کی طرف سے تجاویز اور آراء کے منتظر رہیں گے
- بقول الطاف حسین حالی
- ہے جستجو کہ خوب سے ہے خوب تر کہاں
- اب ٹھہرتی ہے دیکھیے جا کر نظر کہاں

# اہم بات

- 1 ۔ جب میں آپ سے کوئی سوال پوچھوں تو جو بھی جواب آپ کے ذہن میں آ رہا ہو بلا جھجک آپ نے اس کا اظہار کرنا ہے
- 2 ۔ دوران لیکچر اگر کسی نقطہ کو آپ نہ سمجھ سکے ہوں تو اسی وقت آپ نے مجھے بتانا ہے


گر تو چاہے کہ تیرے لہجے سے خوشبو آئے
پھر ضروری ہے کہ پہلے تجھے اردو آئے

سلیقے سے ہواؤں میں، جو خوشبو گھول سکتے ہیں
ابھی کچھ لوگ باقی ہیں، جو اردو بول سکتے ہیں

# اردو

خالد مخدوم

لیکچیر
نمبر : 1



# فیڈرل بورڈ اسیسمنٹ فریم ورک پر مبنی پیپر پیٹرن

## حصہ اوّل معروضی (کل نمبر 20)

سوال نمبر 1: 20 کثیر الانتخابی سوالات (20×1=20)

## حصہ دوّم (کل نمبر 48)

سوال نمبر 2: جز (الف): حصہ نثر (6×4=24)

جز (ب): حصہ نظم (3×4=12)

جزو (ج): حصہ غزل (1×4=4)

جز (د): حصہ قواعد/زبان شناسی (2×4=8)

## حصہ سوم (کل نمبر 32)

سوال نمبر 3: (06 نمبر)

سوال نمبر 4: (07 نمبر)

سوال نمبر 5: (3+3+3=9 نمبر)

سوال نمبر 6: (05 نمبر)

سوال نمبر 7: (05 نمبر)

# 1۔ اخلاقِ حسنہ (سیرت نگاری)

# مصنف کا تعارف

## مولانا شبلی نعمانی (۱۸۵۷ء-۱۹۱۴ء)

اُردو کے ارکانِ خمسہ کا ایک اہم نام شبلی نعمانی کا ہے۔ وہ ایک پُر وقار علمی شخصیت کے مالک تھے اور اپنے عہد میں ایک عالم دین شاعر، فلاسفر، مورخ، معلم، مقرر، مصلح، نقاد اور ماہر لسانیات کے طور پر جانے جاتے تھے۔ انھوں نے علی گڑھ یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی تھی جس میں اُن کی شخصی خوبیوں کو خوب جلا بخشی۔ انھیں اُردو کے علاوہ فارسی اور عربی زبانوں پر عبور حاصل تھا اور انگریزی بھی جانتے تھے۔ وہ بیک وقت علی گڑھ اور ندوہ کی دو علمی اصلاحی اور مذہبی تحریکوں کا حصہ تھے۔ وہ انگریزی زبان سیکھنے اور سائنسی علوم تک رسائی حاصل کرنے کے حامی تھے۔

شبلی نعمانی کے قلم سے نسبت سی سوانح عمریاں قلم بند ہوئیں۔ انھوں نے دار المصنفین کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا جس میں اسلامی سوچ کے حامل مصنفین کی حوصلہ افزائی کی جاتی تھی۔ ۱۸۸۳ء میں انھوں نے شبلی کالج کے نام سے ایک اور ادارہ بھی قائم کیا۔ شبلی ہی کی کوششوں کا نتیجہ ہے کہ آج سیرت کے میدان میں ہمارے پاس مختلف لوگوں کی کتابیں رہ نمائی کے لیے موجود ہیں۔ شبلی اپنی زندگی میں تو سیرت کا کام صرف دو جلدوں تک ہی لکھ پائے تھے جسے بعد میں اُن کے ہونہار شاگرد سید سلمان ندوی نے مکمل کیا۔

آپ کی تصانیف میں سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ، سیرت النعمان، الفاروق (حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ پر) المامون (عباسی خلیفہ مامون الرشید پر)، الغزالی (امام غزالی پر) امام ابن تیمیہ، اورنگ زیب عالم گیر لکھ کر سیرت و سوانح کو اُردو زبان میں متعارف کرایا۔ فارسی شاعری کی تاریخ پر شعر العجم، مذہبی حوالے سے مسلمانوں کی رہ نمائی کے لیے علم الکلام اور ایک سفر نامہ روم و مصر و شام لکھا جو اُن کے خلافتِ عثمانیہ کے دورے کے احوال ہے بھی لکھا۔ اُن کی تصانیف سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔

## (مُشکل الفاظ کے معانی)

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| اذن | اجازت | استہزا | مذاق اُڑانا |
| امتثال | کی مانند، کی طرح | بینائی | دیکھنے کی صلاحیت |
| پیش دستی | پہل کرنا، ابتدا کرنا | جاڑوں کا دن | سردیوں کا دن |
| متبرک | بابرکت، معزز، بزرگ | | |

## (مُشکل الفاظ کے معانی)

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| متفقاً | متفق، سب نے ایک ہی رائے دی یا سب نے ایک ہی بات کہی | حرم | مسجد الحرام |
| نکوسیرت | نیک کردار، عمدہ اخلاق | نخلستان | کھجوروں کا باغ |
| نہایت نرم مزاج | انتہائی مہربان اور دوستانہ مزاج | ڈھیلے چلانا | پتھر پھینکنا |
| خوش اخلاق | اچھے اور دوستانہ رویہ رکھنے والا | قحط | شدید خشک سالی، خشکی |
| وقار و متانت | عظمت اور سنجیدگی، شان و شوکت کے ساتھ ساتھ عقل مندی | خوشے | پھلوں کے گچھے، اناج کی بالی |
| خاطر شکنی | کسی کی دل آزاری یا توہین | دامن | کپڑوں کا نیچے والا حصہ، پلو، چادر |
| زانو | ران، ٹانگ کے اوپر والا حصہ | مدعا علیہ | موضوع، جس پر بات کی جا رہی ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| چاکر | خادم، خدمت گزار | صاع | ایک پیمانہ تقریباً تین کلو پانچ سو گرام |
| لونڈی | عورت خادم | زعفران | خوشبودار اور رنگین مصالحہ، جو کھانے میں استعمال ہوتا ہے |
| غلام | مرد خادم | باریابی | پہنچ، کسی معزز شخص تک رسائی |
| نجاشی | حبشہ کا بادشاہ | بدزبانی | بدتمیزی، بُری باتیں کرنا |
| سفارت | سفیر کی طرف سے بھیجی گئی پیغام رسانی یا نمائندگی | مہلت | وقت کی فراہمی، تاخیر کا موقع |
| نفسِ نفیس | خود، ذاتی طور پر | مُسقّف | چھت دار، جس پر چھت ہو |
| اصحابِ بدر | بدر کے میدان میں شریک صحابہ | جُھنڈ | گروپ، جمع ہونا |
| اصرار کیا | زبردست خواہش یا اصرار کرنا | ردائے مبارک | نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی چادر |
| انصار | مدینہ کے مسلمان جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی مدد کی | رضاعی ماں | وہ ماں جس نے دودھ پلایا ہو مگر حقیقی ماں نہ ہو |
| ملامت | سرزنش، عیب یا غلطی نکالنا | حبشہ | موجودہ ایتھوپیا کا قدیم نام |
| حلقہ | گروپ، جماعت | پیش دستی | کسی کام میں جلدی کرنا، سبقت لینا |
| قدم رنجہ | قدم اٹھانا، آنا | مجلس | اجتماع، ملاقات یا میٹنگ |
| گستاخی | بے ادبی، عدم احترام | صیغۂ رحیم | عربی زبان کا ایک نحوی صیغہ، جو جملے کے مختلف اجزا کو جوڑتا ہے |
| پیادہ | پیدل چلنے والا | طریقۂ ابہام | مبہم طریقہ، جو واضح نہ ہو |
| امتثالِ امر | حکم کی تعمیل | مؤذن | اذان دینے والا |
| خوش لحن | خوشگوار آواز یا سُر | گشت | چکر لگانا، دورہ کرنا |

شُکریه